www.KitaboSunnat.com

تمام امور کی نسبت اللہ رب العزت نے اپنی طرف کرکے آخر میں یہ بھی فرما دیا کہ "اللہ رب العزت ہی غالب مہربان ہے!"—— یوں قرآنِ مجید نے یہ واضح فرما دیا کہ اس تمام تر اعجاز کی اصل قدرت و اختیار ذاتِ خداوندی کو حاصل ہے، نہ کہ اس نبی اور رسول کو، جس کے ہاتھوں اللہ رب العزت نے اس معجزہ کا صدور کروایا ہے!—————— (جاری ہے)

شعر و ادب جناب فضل رورپڑی

تبسم میں جھڑتے تھے پھول اللہ اللہ!

مدینہ دیارِ رسولؐ، اللہ اللہ
یہاں رحمتوں کا نزول اللہ اللہ

پیغمبرؐ تھے علم اور حکمت میں یکتا
سنہرے تھے انکے اصول اللہ اللہ

زمانے میں مشہور شیریں مقالی
تبسم میں جھڑتے تھے پھول اللہ اللہ

صحابہؓ کی کرتے تھے عقدہ کشائی
ترے برگزیدہ رسولؐ، اللہ اللہ

جسے کچھ ہو نسبت رسولِ خدا سے
وہ پھر کس لیے ہو ملول، اللہ اللہ

ہے ارضِ مقدس میں بیحد ہی آساں
تری رحمتوں کا حصول اللہ اللہ

بفضلِ خدا میں بھی پہنچا مدینے
دعائیں ہیں میری قبول اللہ اللہ

مدینہ ہے جنت نشاں اللہ اللہ
ہے بارانِ رحمت یہاں اللہ اللہ

وہ سردارِ پیغمبراں اللہ اللہ
ہیں آرام فرما یہاں اللہ اللہ

وہ امت کے غمخوار محبوبِ دوراں
محبت کی اک داستاں اللہ اللہ

مدینے کی گلیاں منور منور
خدا ہے یہاں مہرباں اللہ اللہ

فصاحت بلاغت سے قرآن پر ہے
نرالی ہے طرزِ بیاں اللہ اللہ

بلا کی روانی کلامِ خدا میں
یہ گویا ہے آبِ رواں اللہ اللہ

ہے نعتِ نبی میرے لب پہ ہمیشہ
مرا دل ہُوا ہے جواں اللہ اللہ

یہ فضل و کرم ہے خدا ہی کا ورنہ
کہاں میں، مدینہ کہاں، اللہ اللہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ